
# تقریباً نصف پاکستانی سال 2025 میں معاشی حالات بہتر ہونے کی توقع رکھتے ہیں

پاکستان میں معاشی حالات بہتر ہونے کی امید رکھنے والوں کی شرح گزشتہ سال کی نسبت اس سال زیادہ دیکھنے میں آئی اور یہ شرح بھارت کی نسبت بھی زیادہ رہی۔






آ پ کے خیال میں نئے سال یعنی 2025میں پاکستان کے معاشی حالات موجودہ سال یعنی 2024 کی نسبت بہتر ہوں گے، خراب ہوں گے یا کوئی فرق نہیں پڑے گا ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## بین الاقوامی ممالک کے اعتبار سے

پاکستان

## تقریباً نصف پاکستانی سال 2025 میں معاشی حالات بہتر ہونے کی توقع رکھتے ہیں، پاکستان میں معاشی حالات بہتر ہونے کی امید رکھنے والوں کی شرح گزشتہ سال کی نسبت اس سال زیادہ دیکھنے میں آئی اور یہ شرح بھارت کی نسبت بھی زیادہ رہی۔

**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**


(اسلام آباد)، 14 جنوری، 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباً نصف پاکستانی سال 2025 میں معاشی حالات بہتر ہونے کی توقع رکھتے ہیں، پاکستان میں معاشی حالات بہتر ہونے کی امید رکھنے والوں کی شرح گزشتہ سال کی نسبت اس سال زیادہ دیکھنے میں آئی اور یہ شرح بھارت کی نسبت بھی زیادہ رہی۔

پاکستان میں یہ سروے گیلپ انٹر نیشنل کی جانب سے 37 سے زائد ممالک میں کیے گئے عالمی سروے کا حصہ تھا جس میں 37,338 کے قریب جواب دہندگان نے حصہ لیا۔ یہ سروے 1979 سے جاری گیلپ انٹر نیشنل کی ایک روایت کا حصہ ہے جس میں گیلپ انٹر نیشنل ایسوسی ایشن کے تمام ممبران اہم موضوعات پر دنیا کی رائے جاننے کے لیے حصہ لیتے ہیں۔ اس حوالے سے مزید تفصیلات جاننے کیلئے برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آپ کے خیال میں نئے سال یعنی 2025 میں پاکستان کے معاشی حالات موجودہ سال یعنی 2024 کی نسبت بہتر ہوں گے، خراب ہوں گے یا کوئی فرق نہیں پڑے گا؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 46% جوابدہندگان کے مطابق نئے سال یعنی 2025 میں پاکستان کے معاشی حالات موجودہ سال یعنی 2024 کی نسبت بہتر ہوں گے، 30% جوابدہندگان کے مطابق نئے سال یعنی 2025 میں پاکستان کے معاشی حالات موجودہ سال یعنی 2024 کی نسبت خراب ہوں گے، جبکہ 12% جوابدہندگان کے مطابق 2025 میں ملک کے معاشی حالات میں کوئی فرق نہیں پڑے گا، تاہم 12% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"آپ کے خیال میں نئے سال یعنی 2025 میں پاکستان کے معاشی حالات موجودہ سال یعنی 2024 کی نسبت بہتر ہوں گے، خراب ہوں گے یا کوئی فرق نہیں پڑے گا؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

**<u>ملک کے معاشی حالات میں بہتری/خوشحالی آنے کے حوالے سے پاکستانیوں کی رائے کا خطے کے مالک کے ساتھ موازنہ: رینکنگ کے اعتبار سے پاکستان بھارت سے آگے:</u>**

2025 میں ملک کے معاشی حالات بہتر ہونے کی توقع رکھنے کے حوالے سے چین 63% شرح کے ساتھ سر فہرست ہے۔ جبکہ اس کے بعد بنگلہ دیش میں اس حوالے سے شرح 62% پائی گئی۔ جبکہ پاکستان 46% شرح کے ساتھ ، بھارت 37% شرح کے ساتھ اور ایران 25% شرح کے ساتھ رینکنگ کے اعتبار سے پیچھے ہیں۔


ملک کے معاشی حالات میں بہتری/خوشحالی آنے کے حوالے سے شرح-خطے کے ممالک کا موازنہ




*Source: Gallup International End of Year Survey 2024*

**<u>گزشتہ سالوں میں ملک کے معاشی حالات میں بہتری/خوشحالی آنے کے حوالے سے نتائج:</u>** 1999 میں ملک کے معاشی حالات بہتر ہونے کے حوالے پاکستانیوں کی امیدیں اپنے عروج پر تھی، جس کی شرح 58% تھی، یہ شرح 2008 میں کم ہو کر 10% رہ گئی۔ 2010 کی دہائی میں اس کے حوالے سے شرح میں پھر سے بہتری دیکھنے میں آئی، 2010 میں یہ شرح 13% تھی جو کہ 2016 میں بڑھ کر 56% تک جا پہنچی اور حال ہی میں، 2021 میں ملک کے معاشی حالات بہتر ہونے کے حوالے سے رائے 40% تھی جو کہ 2024 میں تبدیل ہو کر 46% ہو گئی۔

گزشتہ سالوں میں موازنہ—پاکستان (1994 سے 2024 تک)




*Source: Gallup International End of Year Survey 2024*

یہ سروے دنیا بھر کے 37 ممالک کے کل 37,338 افراد سے لیا گیا ہے۔ تقریباً ہر ملک میں اکتوبر تا دسمبر 2024 کے دوران، 1000 کے قریب خواتین اور مرد حضرات سے یہ انٹرویو یا تو F2F، ٹیلی فون کے ذریعے لیا گیا ہے یا آن لائن کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 14th January 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)